رہبر معظم کا حضرت امام خمینی (رہ) کے داماد کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 26 /Feb/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے حضرت امام خمینی (رہ) کے داماد مرحوم جناب محمود بروجردی کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بہت افسوس کے ساتھ ہمیں یہ خبر موصول ہوئی کہ حضرت امام خمینی (رہ) کے داماد جناب آقای محمود بروجردی رحمہ اللہ علیہما کا طویل اور جانکاہ بیماری کے بعدانتقال ہوگیا ہے۔ اس ممتاز اور معززشخصیت کےدردناک انتقال پر مرحوم کی فاضلہ و مکرمہ ہمسر، معزز فرزندوں اور حضرت امام (رہ) کے اہلخانہ کو تعزیت وتسلیت پیش کرتا ہوں، اور مرحوم کے لئے اللہ تعالی کی بارگاہ سے رحمت و مغفرت طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

7/اسفند/ 1389